27th July, 2023

# 64% PAKISTANIS AT THE END OF 2022 EXPECTED THEIR HOUSEHOLD SAVINGS TO DECREASE IN THE NEXT SIX MONTHS: CONSUMER CONFIDENCE INDEX Q4 2022 BY GALLUP & GILANI PAKISTAN AND DUN & BRADSTREET PAKISTAN

سال 2022 کے اختتام پر64%پاکستانی یہ رکھتے تھے کہ اگلے چھ ماہ میں اُن کے گھرانے کی ماہانہ بچت میں مزید کمی آئے گی۔

Question: "Do you expect your household savings to increase, decrease or remain the same in next 6 months?"




*Don't know/ No response: 6%*

رائے عامہ سروے

## معیشت

# سال 2022 کے اختتام پر 64% پاکستانی یہ رکھتے تھے کہ اگلے چھ ماہ میں اُن کے گھرانے کی ماہانہ بچت میں مزید کمی آئے گی۔

**(گیلپ & گیلانی پاکستان اور ڈن اینڈ بریڈاسٹریٹ پاکستان کی جانب سے کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس Q4 2022)،**

(اسلام آباد)، 27 جولائی، 2023


گیلپ پاکستان اور ڈن اینڈ بریڈاسٹریٹ پاکستان کی جانب سے کیے گئے کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس سروے کے مطابق، سال 2022 کے اختتام پر 64% پاکستانی یہ رکھتے تھے کہ اگلے چھ ماہ میں اُن کے گھرانے کی ماہانہ بچت میں مزید کمی آئے گی۔

**کنزیومر کانفیڈنس انڈکس Q4 کی مکمل رپورٹ حاصل کرنے کیلئے یہاں کلک کریں۔**

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" آپ کیا توقع کرتے ہیں کہ اگلے چھ ماہ میں آپ کی ماہانہ بچت آج کے مقابلے میں بڑھے گی، کم ہو گی، یا ایسی ہی رہے گی؟"**۔اس سوال کے جواب میں 2% جواب دہندگان کے مطابق اگلے چھ ماہ میں اُن کی ماہانہ بچت آج کے مقابلے میں بہت بڑھے گی، 12% جواب دہندگان کے مطابق بڑھے گی ، 16% جواب دہندگان کے مطابق ایسی ہی رہے گی ، 25% جواب دہندگان کے مطابق کم ہو گی، جبکہ 39% جواب دہندگان کے مطابق اگلے چھ ماہ میں اُن کی ماہانہ بچت آج کے مقابلے میں بہت کم ہو گی، تاہم 6% جواب دہندگان کے مطابق اُنہیں اس حوالے سے معلوم نہیں ہے۔

**" آپ کیا توقع کرتے ہیں کہ اگلے چھ ماہ میں آپ کی ماہانہ بچت آج کے مقابلے میں بڑھے گی، کم ہو گی، یا ایسی ہی رہے گی؟ "**

**پاکستان بھر سے**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## تقابلی جائزہ(Q3 2022 اور Q4 2022):

کنزیومر کانفیڈنس انڈکس 2022 کی تیسری سہ ماہی رپورٹ کی نسبت چوتھی سہ ماہی رپورٹ میں ایسے افراد کی شرح میں 13% کا اضافہ دیکھنے میں آیا ہے جو یہ توقع رکھتے ہیں کہ اگلے چھ ماہ میں اُن کے گھرانے کی ماہانہ بچت آج کے مقابلے میں بہت زیادہ کم یا کسی حد تک کم ہو جائے گی۔

### تقابلی جائزہ(Q3 2022 اور Q4 2022 )




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, [www.gilanifoundation.com](www.gilanifoundation.com)*

پاکستان میں یہ سروے گیلپ پاکستان نے منعقد کیا اور ڈن اینڈ بریڈ اسٹریٹ پاکستان کے تعاون سے اپنی کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس کی سہ ماہی رپورٹ میں جاری کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1,232 مرد و خواتین سے کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

## کنزیومر اعتماد انڈیکس رپورٹ کے بارے میں:

صارفین کے رائے تبدیل ہوتی رہتی ہے اور اس کا اندازا اُن کے ذاتی مالی حالات کے ساتھ ساتھ مجموعی طور پر ملک کی مالیاتی اور معاشی کارکردگی کے بارے اُن میں رائے سے لگایا جاتا ہے۔ کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس (سی سی آئی انڈیکس) عالمی سطح پر منظور شدہ ایک ایسا آلہ ہے جو کہ گھریلو اخراجات اور بچت کا تخمینہ لگانے کے ساتھ ساتھ ملک میں مجموعی معاشی سرگرمیوں کا اندازہ لگانے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

اِن معاملات کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد فراہم کرنے کے حوالے سے ڈن اینڈ بریڈ پاکستان اور گیلپ نے کاروباری اداروں اور پالیسی بنانے والوں کے لئے سہ ماہی رپورٹ شائع کی ہے۔ کنزیومر کانفیڈنس انڈیکس (سی سی آئی) حکومتوں، کاروباری اداروں اور مالیاتی اداروں سمیت متعدد اسٹیک ہولڈرز کے لئے ایک قیمتی آلہ ہے، کیونکہ ان اعداد و شمار کی مدد سے اُنھیں صارفین کی رائے کو بہتر طور پر سمجھنے اور اس حوالے سے بروقت فیصلے کرنے میں مدد ملتی ہے۔

سی سی آئی کی گزشتہ رپورٹس کے بارے میں مزید جاننے کے لئے، برائے مہربانی ڈی اینڈ بی پاکستان نالج کیپٹل کی ویب سائٹ یا گیلپ پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ کی ویب سائٹ وزٹ کریں۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, July 27th, 2023**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2023

celebrating
43
years
of Gallup Pakistan
(1980-2023)